The Absolute Reality

www.quran4u.com

كَلَّا إِنَّهَا تَذْكِرَةٌ فَمَن شَاءَ ذَكَرَهُ

دیکھو یہ (قرآن) نصیحت ہے پس جو چاہے اسے یاد رکھے

Quran with Urdu Translation

Fateh Muhammad Jalundhary

(فتح محمد جالندھري)

سورة عبس

Urdu Translation اردو ترجمہ

Click This Bar to Listen Audio

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

(محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وسلم) ترش رو ہوئے اور منہ پھیر بیٹھے	.1
کہ انکے پاس ایک نابینا آیا	.2
اور تم کو کیا خبر شاید وہ پاکیزگی حاصل کرتا	.3
یا سوچتا تو سمجھنا اسے فائدہ دیتا	.4
جو پروا نہیں کرتا	.5
اس کی طرف تو تم توجہ کرتے ہو	.6
حالانکہ اگر وہ نہ سنورے تو تم پر کچھ الزام نہیں	.7
اور جو تمہارے پاس دوڑتا ہوا آیا	.8

.9	اور (خدا سے) ڈرتا ہے
.10	اس سے تم بے رخی کرتے ہو
.11	دیکھو یہ (قرآن) نصیحت ہے
.12	پس جو چاہے اسے یاد رکھے
.13	قابل ادب ورقوں میں (لکھا ہوا)
.14	جو بلند مقام پر رکھے ہوئے (اور) پاک ہیں
.15	(ایسے) لکھنے والے کے ہاتھوں میں
.16	جو سردار اور نیکوکار ہیں
.17	انسان ہلاک ہو جائے کیسا ناشکرا ہے
.18	اسے (خدا نے) کس چیز سے بنایا؟
.19	نطفے سے بنایا پھر اس کا اندازہ مقرر کیا
.20	پھر اس کے لئے راستہ آسان کر دیا
.21	پھر اس کو موت دی پھر قبر میں دفن کرایا
.22	پھر جب چاہے گا اسے کھڑا کرے گا
.23	کچھ شک نہیں کہ خدا نے اسے جو حکم دیا اس نے اس پر عمل نہیں کیا
.24	تو انسان کو چاہیے کہ اپنے کھانے کی طرف نظر کرے
.25	بیشک ہم ہی نے پانی برسایا
.26	پھر ہم ہی نے زمین کو چیرا پھاڑا
.27	پھر ہم ہی نے اس میں اناج اگایا

اور انگور اور ترکاری	.28
اور زیتون اور کھجوریں	.29
اور گھنے باغ	.30
اور میوے اور چارا	.31
(یہ سب کچھ) تمہارے اور تمہارے چارپایوں کے لیے بنایا	.32
تو جب (قیامت کا) غل مچے گا	.33
اس دن بھائی اپنے بھائی سے دور بھاگے گا	.34
اور اپنی ماں اور اپنے باپ سے	.35
اور اپنی بیوی اور اپنے بیٹوں سے	.36
ہر شخص اس روز ایک فکر میں ہو گا جو اسے (مصروفیت کے لئے) بس کریگا	.37
اور کتنے منہ اس روز چمک رہے ہوں گے	.38
خنداں وشاداں (یہ مومنان نیکو کار ہیں)	.39
اور کتنے منہ ہوں گے جن پر گرد پڑ رہی ہو گی	.40
(اور) سیاہی چڑھ رہی ہو گی	.41
یہ کفار بدکردار ہیں	.42

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com